# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | |
|---|---|
| سطح: انٹرمیڈیٹ | سمسٹر: خزاں 2009ء |
| پرچہ: کنزیومر ٹیکسٹائل (355) | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | کامیابی کے نمبر: 40 |

**نوٹ:۔** چھ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

| سوال نمبر | سوالات | نمبرز |
|---|---|---|
| سوال نمبر۔1 | (الف) درج ذیل خالی جگہ کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔<br>۱۔ چکنائی کا دھبہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ یا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے جذب کیا جا سکتا ہے۔<br>۲۔ پوشش کے کپڑوں کی بنیادی خصوصیت ان کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔<br>۳۔ پردوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ انہیں نرم فولدز میں لٹکنا ہوتا ہے۔<br>۴۔ سردیوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر چاندنی بچھائی جاتی ہے۔<br>۵۔ لیبل صارف کو کپڑے کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ کا سطحی سا خاکہ بتاتے ہیں۔ | (10) |
| | (ب) صحیح اور غلط جملوں کی نشان دہی کریں۔<br>۱۔ سکرین پرنٹنگ میں ڈیزائن سکرین کے ساتھ جوڑا جاتا ہے۔ ص/غ<br>۲۔ پرنٹنگ بلاک کا سائز پلائی وڈ کے سائز کے مطابق ہونا چاہیے۔ ص/غ<br>۳۔ ٹائی ڈائی سے مراد کپڑے کو دھاگے سے باندھ کر رنگنا ہے۔ ص/غ<br>۴۔ پردوں میں پلیٹ ڈالی جاتی ہے۔ ص/غ<br>۵۔ کٹی ہوئی بُر کی نسبت اَن کٹی بُر کے تولیے زیادہ جاذب ہوتے ہیں۔ ص/غ | (10) |
| سوال نمبر۔2 | ٹیکسٹائل کے ریشوں کی درجہ بندی کن بنیادوں پر کی جاتی ہے؟ بنیادی اجزاء اور ذرائع، وسائل کے مطابق ریشوں کی درجہ بندی کا چارٹ تیار کریں۔ | (16) |
| سوال نمبر۔3 | ''انسانی خودساختہ ریشوں'' سے کیا مراد ہے؟ رے آن بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ | (16) |
| سوال نمبر۔4 | سپن یارن کن دو طریقوں سے بنائے جاتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔ | (16) |
| سوال نمبر۔5 | بُنائی کی مختلف اقسام اور خصوصیات پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ | (16) |
| سوال نمبر۔6 | گرے مال اور فینشڈ (Finished) مال سے کیا مراد ہے اور کپڑے کی فینشنگ کے بنیادی عمل کون سے ہیں؟ نام لکھیں۔ مرسرائزیشن (Mercerization) پر نوٹ لکھیں۔ | (16) |
| سوال نمبر۔7 | کپڑے کی کوالٹی کو جانچنے کے لیے کن معلومات کا ہونا ضروری ہے؟ | (16) |
| سوال نمبر۔8 | پردوں کے لیے پارچہ جات کا انتخاب اور صفائی کی اہمیت واضح کریں۔ | (16) |

********